**21.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ کونین حیدر

**Music**

---

☆ راجیہ سبھا میں وزارت داخلہ کے کام کاج پر بحث دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔بحث میں، دفعہ 370، جرائم کی شرح اور سیکورٹی کو درپیش چیلنجز اہمیت کے حامل رہے

☆ صحت کی وزیر مملکت انوپریہ پٹیل نے کہا ہے کہ بھارت میں TB کیسز میں عالمی سطح پر کم ہوتی ہوئی شرح سے، دوگنا سے بھی زیادہ کمی آئی ہے۔

☆ Heathrow ہوائی اڈہ، ایک بجلی اسٹیشن پر بڑے پیمانے پر آگ لگ جانے کی وجہ سے 24 گھنٹے کے لئے بند کردیا ہے۔ ائیر انڈیا نے لندن جانے والی سبھی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔

☆ بھارت نے احمدآباد میں2030 میں منعقد ہونے دولت مشترکہ کھیل مقابلوں کے انعقاد کے لئے دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور آج جنگلات کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے، جس کا مقصد مستحکم مستقبل میں جنگلات کے اہم رول سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Home Discusstion**

راجیہ سبھا میں آج داخلہ امور کی وزارت کے کام کاج پر بحث و مباحثہ دوبارہ شروع ہوا۔ BJP کے ڈاکٹر سُدھانشو ترویدی نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ وزارت داخلہ نے جموں و کشمیر سے دفعہ 370 ختم کرکے صحیح معنوں میں ملک کو سیکولر بنانے کا کام کیا ہے۔ انھوں نے مہا کنبھ کے انعقاد کی بھی ستائش کی اور کہا کہ اس عظیم الشان اجتماع میں کوئی ناگوار

واقعہ رونما نہیں ہوا، جس سے حفاظتی دستوں کی استعداد کا اندازہ ہوتا ہے۔

دوبارہ حلقہ بندی کے طریقہ کار کی مخالفت پر ڈاکٹر ترویدی نے اپوزیشن پارٹیوں سے کہا کہ وہ آبادی پر قابو پانے سے متعلق بل کی حمایت کریں۔ انھوں نے کہا کہ وزارت داخلہ نے، منی پور کو درپیش معاملات سے نمٹنے کے لئے حساس طریقے سے کام کیا ہے۔

کانگریس ممبر پارلیمنٹ اجے ماکن نے دلی مُن بڑھتے ہوئے جرائم کے معاملے پر آواز اٹھائی۔ انھوں نے کہا کہ دلی پولیس براہ راست وزارت داخلہ کے ماتحت ہے۔ انھوں نے کہا کہ دلی میں خواتین، بچوں اور معمر شہریوں کے خلاف جرائم کی سب سے زیادہ شرح ہے۔

DMK کے ایم شن موگم نے حفاظتی عملے کے زیادہ دیر تک کام کرنے اور مرکزی مسلّح پولیس دستوں میں خالی اسامیوں کے معاملے پر آواز اٹھائی۔

بحث مباحثہ جاری ہے۔ x

**Goyal Nasscom**

کامرس اور صنعتوں کے محکمے کے وزیر پیوش گوئل نے ساڑھے چار کھرب ڈالر کی خدمات کی برآمد کے نشانے کو حاصل کرنے کی خاطر سرکار اور IT شعبے کے اجتماعی عزم کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں NASSCOM کی عالمی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ سال 2025-26 میں بھارت کی خدمات شعبے کی برآمدات سامان اور اشیاء کی برآمدات سے تجاوز کر سکتی ہیں اور اس میں IT شعبے کا اہم رول رہے گا۔

**LS-TB FREE NATION**

حکومت نے کہا ہے کہ بھارت اس سال TB سے پاک ملک بننے کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ ملک میں ٹی بی کے معاملات کی شرح میں نمایاں کمی دیکھی گئی ہے اور یہ 2015 میں 237 فی لاکھ آبادی کے مقابلے 2023 میں 195 فی لاکھ آبادی پر کم ہوکر 17.7 فیصد رہ گئی، جو عالمی سطح پر ان معاملات میں ہونے والی کمی سے دوگنا زیادہ ہے۔ لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے صحت کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے کہا کہ 2015 کے مقابلے میں 2023 میں ٹی بی کی وجہ سے اموات میں بھی 21 فیصد کی کمی دیکھی گئی۔x

**LONDON AIRPORT**

لندن میں بجلی کے سب اسٹیشن میں زبردست آگ لگنے کے بعد Heathrow ہوائی اڈے کو چوبیس گھنٹے کے لیے بند

کردیا گیا ہے۔ بجلی گُل ہوجانے کے نتیجے میں دنیا کے سب سے بڑے ہوائی اڈے میں سرگرمیاں کافی متاثر ہوئی ہیں۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے کہا ہے کہ آگ لگنے کا سبب ابھی تک معلوم نہیں ہوسکا ہے۔ اور Heathrow ہوائی اڈے پر کم از کم 120 پروازوں کو دیگر ہوائی اڈوں کی طرف منتقل کردیا گیا ہے اور Heathrow ہوائی اڈے پر آنے اور جانے والی ایک ہزار تین سو 51 پروازیں متاثر ہوئی ہیں۔

ایئر انڈیا نے لندن کے لئے سبھی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔x

**Punjab Police Remand**

لوک سبھا کے ایم پی اور مذہبی پیشوا امرت پال سنگھ کے 7 ساتھیوں کو پولیس کی بھاری تعیناتی کے تحت آج امرتسر کے Ajnala کی ایک عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے انہیں 25 مارچ تک پولیس تحویل میں دے دیا ہے۔ وہ قومی سلامتی کے قانون کے تحت آسام کے ڈبروگڑھ جیل میں زیرِ حراست تھے۔ کل اپنی رہائی کے بعد انہیں 2023 میں Ajnala میں ایک پولیس اسٹیشن پر حملے کے معاملے میں، ریاستی پولیس نے انہیں دوبارہ گرفتار کرلیا تھا اور کل شام انہیں پنجاب روانہ کردیا گیا۔

پنجاب حکومت نے، قومی سلامتی کے سخت قانون کے تحت اُن کی حراست میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

**Annapurna Devi- Judge Rape**

خواتین اور بچوں کی بہبود کی مرکزی وزیر انّ پورنا دیوی نے آبروریزی کی کوشش کے ایک کیس میں آج الہ آباد ہائی کورٹ کے جج کی رائے زنی پر اعتراض کیا اور اِسے نامناسب قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اس طرح کی رائے زنی سے سماج میں غلط پیغام جائے گا۔

پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیرِ موصوف نے یہ بھی کہا کہ اس طرح کی رائے زنی کے، ایسے کیسز سے متعلق مختلف فیصلوں پر منفی اثر پڑے گا اور اس سے غلط کاموں کی ذہنیت کو بڑھاوا ملے گا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت جج کی اس طرح کی رائے زنی کا نوٹس بھی لے گی۔

**(Byte ANNAPURNA DEVI)**

اس سے پہلے جج رام منوہر نارائن مشرا نے آبروریز سے متعلق ایک کیس کی سماعت کرتے ہوئے کچھ رائے زنی کی تھی، جس سے لوگوں میں غصہ پیدا ہوگیا تھا۔xx

**Shivraj Agriculture**

زراعت اور کسانوں کے بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے اپوزیشن پارٹیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں زراعت کے بارے میں بحث ہونے دیں تاکہ کسانوں کے بہبود کیلئے کام کاج کو آگے بڑھایا جاسکے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ مرکزی حکومت پارلیمنٹ میں، کسانوں کے امور پر ہمیشہ بحث کرنے کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی فلاح بہبود، مودی حکومت کی اعلیٰ ترجیح رہی ہے۔

**SB- Shivraj Singh Chouhan**

**INDIA-2030 CWG BID**

بھارت نے 2030 میں گجرات کے احمد آباد شہر میں صد سالہ دولت مشترکہ کھیل کود مقابلوں کا اہتمام کرنے کے لیے باقاعدہ طور پر دلچسپی کا ایک خط پیش کرکے عالمی سطح پر کھیل کود مقابلوں کی میزبانی کی جانب ایک بڑا قدم اُٹھایا ہے۔ بھارت کی دولت مشترکہ کھیل کود سے متعلق ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اُوشا کی قیادت میں کھیلوں کے لیے اس Bid میں ایک غیر معمولی میزبان شہر کے طور پر احمد آباد کی تیاریوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اقدام 2036 میں ہونے والے اولمپک کھیلوں کے لیے ایک Bid سمیت بڑے عالمی کھیل کود مقابلے حاصل کرنے کے لیے بھارت کی وسیع خواہش سے مطابق رکھتا ہے۔x

**Kerala ASHA Workers**

کیرالہ میں ترواننت پوریم میں آشا کارکنوں کے احتجاج کا آج چالیسواں دن ہے۔ ان کارکنوں کا بنیادی مطالبہ ان کی اجرت میں اضافہ ہے۔

کانگریس اور بی جے پی سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما اپنی حمایت کے اظہار کے لئے مظاہرے کی جگہوں پر پہنچے ہیں۔ اس معاملے کو پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلی کے اجلاس میں بھی اٹھایا جارہا ہے۔

آج کانگریس کی قیادت والی اپوزیشن نے کیرالہ اسمبلی میں واک آؤٹ کیا۔ یہ واک آؤٹ آشا کارکنوں کی ہڑتال کے بارے میں ریاستی سرکار کے موقف کے خلاف احتجاج میں کیا گیا۔

**US- Doge Access**

امریکہ میں ایک وفاقی جج نے فیصلہ سنایا ہے کہ ممکن ہے کہ سماجی تحفظ کی انتظامیہ SSA نے، ایلون مسک کے، سرکاری استعداد کے محکمے DOGE کو، لاکھوں امریکی ریکارڈز تک رسائی کی اجازت دے کر، رازداری سے متعلق قانون کی خلاف ورزی کی ہے۔

امریکہ کی ضلع عدالت نے اعداد و شمار تک رسائی کی فراہمی پر فوری طور پر روک لگانے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ اگرچہ گھوٹالوں سے نمٹنا ضروری ہے، لیکن یہ سب کچھ رازداری کے قانون کی قیمت پر نہیں کیا جاسکتا۔
اس حکم سے انکشاف ہوا ہے کہ DOGE کو SSA کے حساس ریکارڈ تک لامحدود رسائی فراہم کردی گئی تھی، جس کی وجہ سے رازداری کے بارے میں تشویش پیدا ہوگئی تھی۔x

## Forest Day

آج جنگلات کا بین الاقوامی دن منایا جارہا ہے، جس کا مقصد ایک مستحکم مستقبل کے لئے، جنگلات کے اہم رول کے بارے میں بیداری میں اضافہ کرنا ہے۔ اس سال کا موضوع ہے ''جنگلات اور خوراک''۔ جس کے تحت جنگلات اور عالمی سطح پر خوراک کی یقینی فراہمی کے درمیان گہرے تعلق پر توجہ دی گئی ہے۔
اس سال کے موضوع کے مطابق ماحولیت، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کی وزارت نیز بھارتی حکومت کی متعلقہ ریاستوں نے ایسی مختلف اسکیمیں شروع کی ہیں، جس کا تعلق جنگلات سے لے کر خوراک کی یقینی فراہمی، غذائیت اور گزر بسر تک سے ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆